میں دیومالا (حیات اللہ انصاری)، بستی ایک مطالعہ (ڈاکٹر عبدالسلام) کے علاوہ ڈاکٹر نیر مسعود، آفاق صدیقی، مشرف احمد (موضوع: شوکت صدیقی)، ڈاکٹر انصار زاہد جوگندرپال (دردلادوا) ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی کے علاوہ دو تین اور نثر پارے اور کچھ نظمیں اور غزلیں ہیں۔ پڑھنے کے لیے مجموعی طور پر اچھی سطح کا دلکش مواد ہے۔

ماہنامہ نیرنگِ خیال | ایڈیٹر: سلطان رشک۔ پتہ: ۸۔ پی ایم اے ہاؤس، لیاقت روڈ، راولپنڈی۔ چندہ سالانہ مع خاص نمبر ۱۵۰/- روپے۔

حکیم یوسف حسن کا مقام صحیفہ نگاری کی تاریخ میں بہت اونچا مقام رکھتا ہے۔ نیرنگ خیال اسی مرحوم ہستی کا تاسیس کردہ رسالہ ہے۔ جسے اب سلطان رشک اپنے چند بزرگوں اور دوستوں کے تعاون سے بڑی خوبی سے مرتب کر رہے ہیں۔ اس وقت ہمارے سامنے ستمبر ۱۹۸۶ء کا خاص نمبر ہے۔ جس کی ضخامت ۲ سو صفحات اور قیمت ۴۰/- روپے ہے۔ تحقیقی، مزاحیہ، افسانوی اور منظوم حصوں سے میں خوب لطف اندوز ہوا، مگر ترجمان القرآن کے صفحات میں اب گنجائش نہیں ہے کہ تفصیل سے کچھ کہہ سکوں۔

مختصر یہ کہ یہ ادبی رسائل میں ایک ممتاز مجلہ ہے۔

مجلہ: شعاع | مدیرہ: شگفتہ بانو۔ بہ اہتمام تنظیم اساتذہ پاکستان (خواتین)

پتہ: جمعیت الفلاح، اکبر روڈ، کراچی صدر۔ زرِ تعاون: ۱۰/- روپے

بڑی مسرت کی بات ہے کہ محبتِ اسلام خواتین اساتذہ کی تنظیم نے یہ مجلہ شروع کیا ہے اور اس کا جو شمارہ (۲) سامنے ہے، وہ اچھی اچھی نگارشات پر مشتمل ہے، جن کے لکھنے میں خواتین کا حصہ زیادہ ہے۔ سرورق رنگین ہے مگر سادہ۔ طباعتی معیار کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔